# سبقی منصوبہ بندی

| | | |
|---|---|---|
| سیکنڈ ٹرم: یونٹ:2 | جماعت: سوم | مضمون: اُردو |
| ہفتہ:2 | وقت:40 | تاریخ: |
| پیریڈ:1 | سبق کا نام: ہمدردی (نظم) | |
| **مقاصد:** تذکیر و تانیث کا فرق جملوں میں واضح کر سکیں۔<br>چھٹی کے دن کی مصروفیات لکھ سکیں۔ | | |
| **تدریسی معاونات:** تختۂ تحریر، بورڈ مارکر / چاک، کتاب "اردو سوم" چارٹ پیپر سے بنے تالے، چابیاں | | |

**تحریکی سرگرمی:** (10منٹ)

- کمرہ جماعت میں مسکراتے ہوئے داخل ہو کر السّلام علیکم کہیں۔ بچوں سے سلام کا جواب لیں اور ان کی خیریت دریافت کریں۔
- گزشتہ روز کے کام کے بارے میں دریافت کریں۔ بچوں سے کہیں کہ آج ہم ایک دل چسپ سرگرمی کے ذریعے سے اپنے کام کا آغاز کریں گے۔
- اب دو دو بچوں کی جوڑیاں بنا دیں۔ ان سے کہیں کیا انھوں نے کبھی کسی کی مدد کی ہے؟ اگر کی ہے تو کیسے؟ اس سے متعلق آپس میں بات چیت کریں اور اس دن کے احوال ایک دوسرے کو بتائیں۔ اس کے لیے انھیں مخصوص وقت دیں۔
- مقررہ وقت کے بعد مختلف بچوں کو اظہار خیال کا موقع دیں۔ اس سرگرمی کے لیے ان بچوں کو انتخاب کریں جو کمرا جماعت میں ہونے والی سرگرمیوں حصہ لینے سے کتراتے ہوں۔
- سرگرمی کے اختتام پر بچوں کو شاباش دیں۔

**تدریسی طریقہ کار:** (20منٹ)

- بچوں کو بتائیں کہ اللہ تعالی نے یہ کائنات تخلیق کی ہے۔ اس نے ہر جاندار اور بے جان چیز کے جوڑے بنائے ہیں۔ بچوں کو بتائیں کہ آج ہم مذکر کے مونث لکھنے کی سرگرمی کریں گے۔
- اب بورڈ پر سوال نمبر 10 کے تحت دیے ہوئے جملے لکھیں۔
- اب بچوں سے پوچھیں کہ بندر کا مؤنث کیا ہوتا ہے؟ جو بچہ پہلے ہاتھ کھڑا کرے، اسے بتانے کا موقع دیں۔
- اب بورڈ پر لکھے ہوئے جملے میں خالی جگہ میں بندریا لکھیں اور بچوں سے جملے کی خواندگی کروائیں۔ اس طرح سے یہ سرگرمی باقی جملوں پر مختلف بچوں سے کرواتے ہوئے خالی جگہ پر کروائیں۔
- اب جماعت کے بچوں کو 7 گروہوں میں تقسیم کریں۔
- انھیں 7 تالے دیں جن پر مذکر "بندر، راجا، ابا جان، بھائی، دادا جان، چڑا، کبوتر" لکھے ہوں۔

- اب 7 چابیاں لیں۔ "بندریا، رانی، امی جان، بہن، دادی جان، چڑیا، اور کبوتری" کاغذ پر لکھ کر انھیں چابیوں کے ساتھ نتھی کر دیں۔ چابیاں ایک ٹوکری میں ڈال کر بچوں سے کچھ دور کسی میز پر رکھیں۔
- ہر گروہ کو جو تالے ملے ہوں گے، وہ ان پر لکھے ہوئے الفاظ پڑھے گا اور پھر ہر گروہ میں سے ایک ایک بچہ چابی والی ٹوکری تک جا کر وہ چابیاں ڈھونڈ کر لائے گا جن پر متعلقہ مذکر کا مونث لکھا ہو گا تا کہ وہ اپنے پاس موجود تالوں کو کھول سکیں۔ اس کے لیے انھیں چند سیکنڈ دیں۔ سب سے پہلے مذکر کے درست مونث پر مبنی چابی تلاش کر کے تالا کھولنے والا گروہ یہ مقابلہ جیت جائے گا۔

اب بچوں سے کہیں کہ وہ کتاب پر دیا ہوا سوال نمبر 10 حل کریں۔ اس دوران میں ان کی مدد اور رہنمائی کریں۔

- اب بورڈ پر لکھیں:

"اپنی نانی جان یا دادی جان کے گھر میں گزارے ہوئے دِنوں میں سے کسی ایک دن کی مصروفیت" لکھیں۔

- اب جماعت کے تمام بچوں کو ایک ایک ڈائری کا صفحہ دے دیں۔ ان سے کہیں کہ اپنے گزارے ہوئے دن کے احوال ڈائری کے دیے گئے صفحے پر لکھیں (بچوں سے کہیں کہ اس دن کیا دن تھا اور کیا تاریخ تھی وہ بھی لکھیں)۔ اس کے لیے انھیں تھوڑا وقت دیں۔
- اس دوران میں بچوں کو جہاں مدد کی ضرورت ہو فراہم کریں۔ مشکل الفاظ ساتھ ساتھ بورڈ پر لکھ دین۔
- مقررہ وقت کے بعد جماعت میں سے چند بچوں کو بلا کر ان سے کہیں کہ وہ اپنے احوال پڑھ کر سنائیں۔ ساتھ ساتھ ان کی حوصلہ افزائی کریں۔
- جن بچوں نے املا کی کم اغلاط کے ساتھ اپنے دن کا احوال تحریر کیا ہو۔ ان کے لے تالیاں بجوائیں۔

**اعادہ:** (3 منٹ) پڑھائے گئے سبق کا اعادہ کروائیں اور غلطی کی صورت میں اصلاح کریں۔

**جائزہ:** (5 منٹ) سوال نمبر 10 میں دیئے گئے جملے بورڈ پر لکھ دیں۔ مختلف بچوں کو بلا کر ان سے خط کشیدہ الفاظ کے درست مؤنث لکھوا کر جملے مکمل کروائیں۔ غلطی کی صورت میں اصلاح کریں۔

**گھر کا کام:** (2 منٹ) جماعت میں کروایا گیا کام دہرائیں۔

# سبقی منصوبہ بندی

| | | | |
|---|---|---|---|
| سیکنڈ ٹرم: | یونٹ:2 | جماعت: سوم | مضمون: اُردو |
| ہفتہ:2 | | وقت:40 | تاریخ: |
| پیریڈ:2 | | سبق کا نام: ہمدردی (نظم) | |

**مقاصد:** سکھائی گئی مہارتوں کا جائزہ لے سکیں۔

**تدریسی معاونات:** بورڈ مارکر / چاک، کڈز اُردو جماعت سوم کی کتاب

**تحریکی سرگرمی:** (5منٹ)

- کمرہ جماعت میں مسکراتے ہوئے داخل ہو کر السّلام علیکم کہیں۔ بچوں سے سلام کا جواب لیں اور ان کی خیریت دریافت کریں۔
- بچوں کو بتائیں آج کا پیریڈ جائزے کے لیے مخصوص ہے۔
- بچوں کو پہلے دیے گئے تمام تصورات کا مختصراًاعادہ کروائیں۔

**تدریسی طریقہ کار:**(25منٹ)

- بچوں سے کتاب کا صفحہ نمبر 73 کھلوائیں۔
- سرگرمی کے سوال نمبر 1 کی پڑھائی کروائیں۔
- متفرق بچوں سے عبارت کی پڑھائی کروائیں، بعد ازاں اس کے اہم نکات اپنے الفاظ میں سنانے کے لیے کہیں۔
- اس کے بعد بچوں کو دائروں میں بٹھائیں اور انہیں اپنے علاقے میں موجود اہم تاریخی عمارات کے بارے میں بتانے کے لیے کہیں۔
- بچوں سے سوال نمبر 3 میں دی گئی عبارت درست تلفظ اور روانی سے پڑھوائیں۔
- سوال نمبر 4 میں دیے گئے استفہامی جملوں کو انکاری جملوں میں تبدیل کروائیں۔
- سوال نمبر 5 میں دیے گئے جملوں کو زمانہ مستقبل کے جملوں میں تبدیل کروائیں۔
- سوال نمبر 6 میں دیے گئے موضوع پر دس جملے ان کی کاپی پر لکھوائیں۔ اس کام کے لیے انھیں وقت دیں۔
- مقررہ وقت کے بعد متفرق بچوں کو جماعت کے سامنے بلائیں اور اپنے لکھے جملے سنانے کے لیے کہیں۔
- تمام سرگرمیاں مکمل کروانے کے بعد بچوں کو شاباش دیں اور ان کے تالیاں بجوائیں۔

**اعادہ:**(3منٹ) بچوں کے تمام کام کو چیک کریں اور غلطیوں کی اصلاح کریں۔

**جائزہ:**(0منٹ) N/A

**گھر کا کام:**(2منٹ) جماعت میں کیے گئے کام کی دہرائی کرنی ہے۔

# سبقی منصوبہ بندی

| | | |
|---|---|---|
| سیکنڈ ٹرم: یونٹ:2 | جماعت: سوم | مضمون: اُردو |
| ہفتہ:2 | وقت:40 | تاریخ: |
| پیریڈ:3 | سبق کا نام: شہید وطن | |

**مقاصد:** متن درست تلفظ اور روانی سے پڑھ سکیں۔

**تدریسی معاونات:** تختہ تحریر، بورڈ مارکر / چاک، تختہ تحریر، کتاب "اردو سوم"، مشکل الفاظ کے کارڈ، خالی ڈبے پر رنگ دار کا غذ لپیٹ کر ایک ڈبا تیار کریں اور اس پر لکھ دیں "لفظی جیب"۔

**تحریکی سرگرمی:** (10 منٹ)

- کمرا جماعت میں مسکراتے ہوئے داخل ہو کر السّلام علیکم کہیں۔ بچوں سے سلام کا جواب لیں اور ان کی خیریت دریافت کریں۔
- اب بچوں سے پوچھیں: نشانِ حیدر کسے کہتے ہیں؟

**تدریسی طریقہ کار:** (20 منٹ)

- بچوں کو بتائیں کہ آج ہم شہیدِ وطن سبق پڑھیں گے۔
- سبق" کے آغاز سے پہلے ایک سرگرمی کریں۔
- کسی خالی ڈبے پر رنگ دار کا غذ لپیٹ کر ایک ڈبا تیار کریں۔ اس پر لکھ دیں "لفظی جیب"۔
- سبق میں دیے گئے چند مشکل الفاظ کے کارڈ تیار کر لیں، جہاں ضروری ہو اعراب کا خاص خیال رکھیں اور وہ پرچیاں اس ڈبے میں ڈال دیں۔
- بچوں کی مختلف جوڑیاں بن کر لفظی جیب باری باری ان کے سامنے کریں۔ بچوں سے کہیں کہ وہ اس میں سے ایک ایک کارڈ اٹھا لیں۔ بچوں سے کہیں کہ وہ کارڈ کھولیں اور ان پر لکھے ہوئے الفاظ درست تلفظ کے ساتھ پڑھیں۔ جو بچہ درست تلفظ کے ساتھ لفظ پڑھے، اس کے لیے تالیاں بجوائیں۔ بعد ازاں وہ الفاظ بورڈ پر لکھ کر بآواز بلند پڑھائیں۔
- اس کے بعد بچوں سے کارڈ لے کر لفظی جیب میں ڈال کر اسے دیوار پر چسپاں کر کے لفظی دیوار بنا دیں۔
- بچوں سے کتاب کا صفحہ نمبر 75 کھلوائیں۔ بچوں کے پانچ گروہ بنا دیں۔
- ایک گیند پر پانچ مختلف رنگوں کی پرچیاں چسپاں کر دیں جن پر ا تا 5 نمبر لکھے ہوں۔
- ہر گروہ میں سے ایک ایک بچے کو بلائیں اور اسے گیند آہستہ سے ہوا میں اچھالنے کے لیے کہیں۔ گیند کی اوپر کی جانب جو پرچی آئے، اسے اتار کر اس پر لکھا ہوا نمبر بتائے اور وہ پرچی اس بچے کو دے دیں۔ جس گروہ کے پاس جس نمبر کی پرچی آئے گی، وہ گروہ سبق کے انھی جملوں کی بلند خوانی کرے گا۔

- بچوں کو خاموشی سے تفویض کردہ جملوں / پیراگراف کا مطالعہ کرنے کے لیے کہیں۔ بعد ازاں سبق کی بلند خوانی درست تلفظ کے ساتھ پہلے خود کریں۔ مشکل الفاظ بورڈ پر لکھ کر بچوں کو ان کا درست تلفظ اور مفہوم بتائیں۔ نیز "کچھ نیا جانیں" میں دی گئی اضافی معلومات بھی بچوں کو دیں۔
- اب دونوں گروہوں سے سبق کی بلند خوانی کروائیں۔ اس سرگرمی کے لیے ان بچوں کو چنیں جنھوں نے گزشتہ روز سبق نہ پڑھا ہو۔ جہاں بچوں کو کوئی لفظ پڑھنے میں دقّت پیش آ رہی ہو گی تو اس کی اساتذہ رہنمائی کریں گے۔
- علاوہ ازیں پڑھنے کے دوران میں جن الفاظ کا بچے غلط تلفظ ادا کریں، وہ بورڈ پر لکھتے جائیں اور جب بچہ متعلقہ متن مکمل کر لے تو اس کی اصلاح کریں۔ دورانِ پڑھائی میں کی جانے والی غلطیوں پر بچوں کو ٹوکا نہ جائے۔ اس سے بچے اپنی خود اعتمادی کھو دیتے ہیں اور جماعت کی سرگرمیوں میں حصہ لینے پر جھجک محسوس کرتے ہیں۔

**اعادہ:** (3منٹ) پڑھائے گئے سبق کا اعادہ کروائیں اور غلطی کی صورت میں اصلاح کریں۔

**جائزہ:** (5منٹ) سبق کے مختلف حصوں کی مختلف بچوں سے بلند خوانی کروائیں۔ غلطی کی صورت میں اصلاح کریں۔

**گھر کا کام:** (2منٹ) سبق دہرا کر آئیں۔

# سبقی منصوبہ بندی

| | | |
|---|---|---|
| سیکنڈ ٹرم: یونٹ:2 | جماعت: سوم | مضمون: اُردو |
| ہفتہ:2 | وقت:40 | تاریخ: |
| پیریڈ:4 | سبق کا نام: شہیدِ وطن | |

**مقاصد:** الفاظ کے معانی لکھ سکیں۔

سوالات کے جوابات لکھ سکیں۔

**تدریسی معاونات:** تختۂ تحریر، بورڈ مارکر / چاک، کتاب "اردو سوم"، گتے کا ڈبا، چارٹ کے بنے ہوئے مٹر کے دانے

**تحریکی سرگرمی:** (10منٹ)

- کمرا جماعت میں مسکراتے ہوئے داخل ہو کر السّلام علیکم کہیں۔ بچوں سے سلام کا جواب لیں اور ان کی خیریت دریافت کریں۔
- اب بچوں کی چھے ٹیمیں بنا دیں۔ سبق "نئے الفاظ" میں سے کوئی سے چھے الفاظ مختلف رنگوں کی پرچیوں پر لکھ کر ان کے باہر کی جانب 1 تا 6 نمبر لکھ دیں۔
- اب انھیں بند کر کے ایک ٹوکری میں اس طرح سے ڈال دیں کہ ان پر لکھے ہوئے الفاظ نظر نہ آئیں بلکہ صرف ان پر لکھے ہوئے نمبر نظر آ رہے ہوں۔
- اب ہر ٹیم میں سے باری باری ایک بچے کو بلائیں اور اسے ڈبا گھما کر لڈو کے دانے کی طرح لڑھکانے کے لیے کہیں۔ اس ڈبے کی اوپر کی طرف جو نمبر لکھا ہو، بچے سے کہیں کہ وہ ٹوکری میں سے اس نمبر کی پرچی نکال کر کھولے اور اس پر لکھا ہوا لفظ درست تلفظ سے پڑھے اور اس سے متعلق ایک جملہ بولے۔
- درست تلفظ ادا کرنے اور درست جملہ بنانے کے چار نمبر ہوں گے۔ اسی طرح سے یہ سرگرمی دوسرے الفاظ پر باقی گروہوں سے کروائیں۔ سرگرمی کے اختتام پر جس ٹیم کے نمبر زیادہ ہوں گے، وہ یہ جیت جائے گی۔

**تدریسی طریقہ کار:** (20منٹ)

- بچوں کو بتائیں کہ آج ہم سبق سے نئے الفاظ اور ان کے معانی سیکھیں گے۔
- بورڈ پر تین کالم بنائیں۔ ایک کالم میں "الفاظ"، دوسرے میں "معانی" اور تیسرے میں "جملے" کی سرخی لکھیں۔ اب الفاظ والے کالم میں کتاب کے صفحہ نمبر 77 پر دیے ہوئے الفاظ میں سے ایک لفظ "اقوال" لکھیں اور بچوں سے اس کا درست تلفظ پوچھیں، اور معنی لکھیں: قول کی جمع، اچھی بات۔

- اسی طرح یہ مشق نئے الفاظ کے تحت دیے گئے باقی الفاظ پر کروائیں، ساتھ ساتھ بچوں سے ان کا تلفظ پوچھیں، نہ آنے کی صورت میں ان کی اصلاح کریں۔ اب کوئی لفظ بولیں اور بچوں سے پوچھیں کہ کس بچے کو اس لفظ کا مطلب معلوم ہے کیونکہ بچے ان الفاظ کے معنی کر چکے ہیں۔؟ جو بچہ بتائے، اس کے لیے تالیاں بجوا کر حوصلہ افزائی کریں اور معانی والے کالم میں اس لفظ کے سامنے اس کا معانی لکھ دیں۔
- اب بچوں سے اس لفظ کا جملہ بھی بتانے کے لیے کہیں۔ جو بچہ پہلے ہاتھ بلند کرے اسے بتانے کا موقع دیں۔ درست جملہ بتانے پر حوصلہ افزائی کریں اور غلط بتانے کی صورت میں کسی دوسرے گروہ کو بتانے کا موقع دیں۔ اس کے بعد درست جملہ بورڈ پر جملے والے کالم میں لکھیں اور بچوں سے پڑھوائیں۔ اس طرح یہ سرگرمی باقی الفاظ پر کروائیں۔
- اب بچوں کے 4 گروہ بنا دیں۔ چارٹ کے بنے ہوئے 4 مٹر لیں جن کے اندر دو مٹر کے دانے ہوں۔ ایک دانے پر کتاب کے صفحہ نمبر 77 پر دیے گئے الفاظ میں سے سے ایک لفظ لکھا ہو۔ یہ مٹر ایک ٹوکری میں رکھ کر باری باری ہر گروہ یا جوڑی کے سامنے لے جائیں اور انھیں اس میں سے کوئی سا بھی مٹر اٹھانے کے لیے کہیں۔
- بچوں سے کہیں کہ ان کے پاس جو مٹر آیا ہے، اس پر لکھا ہوا لفظ پڑھیں، مٹر کے باقی دو دانوں یا دانے پر اس لفظ کے معانی لکھیں اور نیچے پھلی میں اس لفظ پر مبنی جملہ لکھیں۔ اس کے لیے انھیں مخصوص وقت دیں۔ مقررہ وقت کے بعد ہر گروہ یا جوڑی سے باری باری ان کے لکھے ہوئے معانی اور جملے پڑھ کر سنانے کے لیے کہیں۔ جس گروہ نے درست معانی اور جملے لکھے ہوں گے، انھیں شاباش دیں۔
- ایک چوکور ڈبّا جماعت میں آنے سے پہلے تیار کر لیں۔
- ڈبے کی چاروں اطراف میں رنگ برنگ کا کاغذ چڑھا لیں۔
- ڈبے کی چاروں اطراف میں کاغذ کی چھوٹی چھوٹی جیبیں بھی بنا دیں۔ سبق میں سے کوئی سے چار سوالات کی پرچیاں بنا کر ڈبے کی اطراف میں بنی ہوئی جیبوں میں ڈال دیں مگر جیبوں میں ڈالنے سے پہلے پرچیوں کا رخ اندر کی طرف کر دیں۔
- کسی ایک گروہ میں سے کسی بھی بچے کو بُلائیں اور اسے ڈبّا ایسے گھما کر زمین پر لڑھکانے کو کہیں جیسے پاسا پھینکا جاتا ہے۔ پھینکے جانے پر ڈبّے کی جو جیب اُوپر کی جانب آئے اُس جیب سے پرچی نکال کر اس پر لکھا ہوا سوال پڑھیں اور اس بچے کو اس سوال کا جواب دینے کے لیے کہیں۔
- اس طرح سے یہ سرگرمی باقی سوالات پر مختلف بچوں سے بھی کروائیں۔ درست جوابات دینے والے بچوں کو شاباش دیں۔

**اعادہ:** (3 منٹ) پڑھائے گئے سبق کا اعادہ کرائیں اور اصلاح کریں۔

**جائزہ:** (5 منٹ) بورڈ پر تین کالم بنائیں۔ ایک کالم میں "الفاظ"، دوسرے میں "معانی" اور تیسرے میں "جملے" کی سرخی لکھیں۔ اب الفاظ والے کالم میں کتاب کے صفحہ نمبر 77 پر دیے ہوئے الفاظ لکھ دیں۔ مختلف بچوں کو باری باری بلا کر ان سے الفاظ کے معانی اور ان پر مبنی جملے لکھوائیں۔

**گھر کا کام:** (2 منٹ) ورک شیٹ حل کر کے لانی ہے۔

# ورک شیٹ (ہوم ورک)

دیے گئے الفاظ کے معانی لکھیں۔

| الفاظ | معانی | الفاظ | معانی |
| --- | --- | --- | --- |
| اقوال | | اِعزاز | |
| ضرب لگانا | | پرواز کرنا | |
| بوکھلانا | | کُوچ کرنا | |
| تاریخ رقم کرنا | | تنہا | |

**سوالات کے مختصر جوابات لکھیں۔**

۱۔ راشد منہاس کب پاک فضائیہ کا حصہ بنے؟

جواب:________________________________________

۲۔ مطیع الرحمٰن کون تھا اور وہ طیارہ کہاں لے کر جانا چاہتا تھا؟

جواب:________________________________________

۳۔ راشد منہاس نے طیارے کا رخ زمین کی طرف کیوں موڑ دیا؟

جواب:________________________________________

۴۔ راشد منہاس شہید کو کون سا اعزاز دیا گیا؟

جواب:________________________________________

# سبقی منصوبہ بندی

| | | |
|---|---|---|
| سیکنڈ ٹرم: یونٹ:2 | جماعت: سوم | مضمون: اُردو |
| ہفتہ:2 | وقت:40 | تاریخ: |
| پیریڈ:5 | سبق کا نام: شہیدِ وطن | |

**مقاصد:** درست جواب کے گرد دائرہ لگا سکیں۔

غلط درست فقرات کی نشان دہی کر سکیں۔

**تدریسی معاونات:** بورڈ مارکر / چاک، کٹز اردو جماعت سوم کی کتاب۔ گیند، پرچیاں، کارڈ، ٹوکری

**تحریکی سرگرمی:** (10منٹ)

- کمرہ جماعت میں مسکراتے ہوئے داخل ہو کر السّلام علیکم کہیں۔ بچوں سے سلام کا جواب لیں اور ان کی خیریت دریافت کریں۔
- سبق کے اعادہ کے لیے کتاب کے صفحہ نمبر 77 پر دیے گئے سوالات کی پرچیاں بنا کر جماعت میں لائیں۔
- جماعت کو پانچ گروہوں میں تقسیم کریں ہر گروہ کا ایک لیڈر بھی مقرر کریں۔
- اب ایک ٹوکری میں سوالات کی پرچیاں ڈال کر باری باری پانچوں گروہوں کے پاس جائیں اور ان کے لیڈر سے کہیں کہ وہ ان میں سے کوئی بھی ایک پرچی اٹھالیں۔
- پھر ہر گروہ کو مخصوص وقت دیں اور ان سے کہیں کہ وہ اپنی اپنی پرچیاں کھول کر اس پر لکھا ہوا سوال پڑھیں اور اس سوال کا درست جواب مل کر باہم مشورے سے دیں۔
- مخصوص وقت کے بعد ہر گروہ کے لیڈر سے کہیں کہ وہ آئے اور اپنی پرچی پر لکھا ہوا سوال اور اس کا جواب باقی بچوں کو پڑھ کر سنائے۔
- اس طرح یہ سرگرمی باقی گروہوں سے بھی کروائیں۔ جس گروہ کے بچے درست جواب لکھیں گے وہ یہ مقابلہ جیت جائیں گے۔

**تدریسی طریقہ کار:** (25منٹ)

- کتاب کے صفحہ نمبر 77 پر موجود مشق کے سوال نمبر 2 کی سرگرمی کو مکمل کروانے کے لیے دیے گئے سوالات کی پانچ پرچیاں اس طرح سے بنائیں کہ ہر سوال کے سامنے تین تین ڈبے بنے ہوں، جن میں سوالات کے ممکنہ تین تین جوابات لکھے ہوں۔
- بچوں کو پانچ گروہوں میں تقسیم کریں ان گروہوں کا ایک ایک لیڈر بھی بنا دیں۔
- ایک ٹوکری میں پانچوں پرچیاں بند کر کے رکھ دیں۔
- اب باری باری یہ ٹوکری تینوں گروہوں کے پاس لے جائیں اور ان کے لیڈروں سے کہیں کہ وہ آنکھیں بند کر کے ان میں سے کوئی سی ایک پرچی اٹھالیں۔

- ہر گروہ کو مخصوص وقت دیں اور ان سے کہیں کہ وہ اپنی اپنی پرچی کھول کر اس پر لکھا ہوا سوال پڑھیں اور اس سوال کا درست جواب مل کر سوچیں اور پھر باہم مشورے سے اس کے درست جواب کے گرد دائرہ لگائیں۔
- اس دوران میں بورڈ پر سوال نمبر 2 کے سوالات اور ان کے ممکنہ جوابات سامنے لکھ دیں۔
- مقررہ وقت کے بعد کوئی سوال بولیں۔
- جس گروہ کے پاس اس سوال پر مبنی پرچی آئی ہوگی، اس کا لیڈر آکر بورڈ پر اس سوال کو تلاش کرے گا اور درست جواب کے گرد دائرہ لگائے گا۔
- درست جواب پر حوصلہ افزائی کریں اور غلط جواب پر کسی دوسرے گروہ کو بتانے کا موقع دیں۔
- اس طرح سے یہ سرگرمی باقی سوالات پر دوسرے گروہوں کے لیڈروں سے بھی کروائیں۔
- جس گروہ کے بچے جلد درست جواب کے گرد دائرہ لگائیں گے وہ یہ مقابلہ جیت جائیں گے۔
- اگلی سرگرمی کے لیے بچوں کے پانچ گروہ بنادیں۔ ہر گروہ کو مشق کے سوال نمبر 3 میں دیے گئے جملوں کے کارڈ بنا کر دیں۔
- بچوں سے کہیں کہ وہ کارڈ پر لکھے ہوئے جملے پڑھیں، اور ان کے غلط اور درست ہونے کی نشان دہی کریں۔ اس کے لیے انھیں چند سیکنڈ کا وقت دیں۔
- اس دوران میں بورڈ پر وہی جملے لکھ دیں جن کی پرچیاں بچوں کو دی ہوں۔
- مقررہ وقت کے بعد کسی ایک گروہ کے بچے کو کارڈ سمیت بلائیں اس سے کہیں کہ وہ بورڈ پر لکھے ہوئے جملوں میں دیکھے کہ ان کے پاس کون سا جملہ آیا تھا؟
- اسی طرح یہ سرگرمی باقی جملوں پر مختلف گروہوں کے بچوں سے کرواتے ہوئے تمام جملے مکمل کروائیں۔
- جس گروہ نے یہ سرگرمی درست طور پر کی ہوگی، اس کو شاباش دیں۔

**اعادہ:** (3 منٹ) بچوں کو جماعت میں کروائے گئے کام کا اعادہ کروائیں۔

**جائزہ:** (2 منٹ) بورڈ پر چند جملے لکھیں اور متفرق بچوں سے ان کے غلط درست ہونے کی نشان دہی کروائیں۔

**گھر کا کام:** (2 منٹ) جماعت میں کروائے گئے کام کی مشق کر کے آنی ہے۔

# سبقی منصوبہ بندی

| | | |
|---|---|---|
| سیکنڈ ٹرم:    یونٹ:2 | جماعت: سوم | مضمون: اُردو |
| ہفتہ:2 | وقت:40 | تاریخ: |
| پیریڈ:6 | سبق کا نام: شہید وطن | |

**مقاصد:** موضوع سے متعلق بات چیت کر سکیں۔
املا لکھ سکیں۔

**تدریسی معاونات:** تختۂ تحریر، بورڈ مارکر / چاک، کتاب "اردو سوم"، چار مختلف رنگوں کے بٹن،

**تحریکی سرگرمی:** (10 منٹ)

- کمرا جماعت میں مسکراتے ہوئے داخل ہو کر السّلام علیکم کہیں۔ بچوں سے سلام کا جواب لیں اور ان کی خیریت دریافت کریں۔
- بچوں سے گزشتہ روز کے کام کے بارے میں دریافت کریں۔
- اب تختۂ تحریر پر ایک لفظ لکھیں جیسے: تارے اور ساتھ لکھیں طارے۔ اب بچوں سے کہیں کہ وہ ان الفاظ کو پڑھیں۔ پھر بچوں سے پوچھیں کہ ان الفاظ میں کیا غلطی ہے جب کہ وہ بولنے میں تو ایک جیسے ہیں؟ ان کے جوابات کی حوصلہ افزائی کریں۔ بچوں کو بتائیں کہ یہ املا کی غلطی ہے۔
- اگر ہم لکھتے ہوئے ایک حرف کی جگہ اس سے ملتا جلتا حرف لکھ دیں تو نہ صرف لفظ غلط ہو جاتا ہے بلکہ بعض اوقات لفظ کے معنی اور مفہوم بھی بدل جاتا ہے۔ اسی طرح بورڈ پر ایک غلط جملہ لکھ دیں جیسے: کسان نے کھیت میں۔۔۔۔۔ چلایا۔ (حل، ہل) اب بچوں سے جملہ پڑھوائیں، پھر آگے دیے گئے دونوں الفاظ۔
- اب بچوں سے پوچھیں کہ جملے کی مناسبت سے کون سا لفظ خالی جگہ میں آئے گا؟
- بچوں سے جواب لیں، درست جواب کی صورت میں ان کی حوصلہ افزائی کریں اور انھیں شاباش دیں۔

**تدریسی طریقہ کار:** (20 منٹ)

- بچوں کو بتائیں کہ جملوں میں مختلف قسم کی غلطیاں، جملے کے معنی اور مفہوم کو بدل دیتی ہیں، جس کی وجہ سے جملہ غلط بھی ہو سکتا ہے اور بات بھی درست طریقے سے سمجھ میں نہیں آتی۔ بچوں کو بتائیں کہ آج ہم املا کرنے کی سرگرمی کریں گے۔
- اب ایک ڈبے میں مختلف رنگوں کے بٹن ڈال لیں۔
- جماعت کے بچوں کی تعداد کے مطابق بٹنوں کی تعداد اتنی ہو کہ دو دو بچوں کے پاس ایک رنگ کے بٹن آئیں تاکہ دو دو بچوں کی جوڑیاں بنائی جا سکیں۔

- بچوں کے سامنے باری باری یہ ڈبا لے جائیں اور انھیں ہدایت دیں کہ وہ آنکھیں بند کر کے اس ڈبے میں سے ایک بٹن اٹھالیں اور اپنی مٹھی میں چھپالیں۔ تمام بچوں میں بٹن تقسیم کرنے کے بعد انھیں ہدایت دیں کہ وہ اب اپنی مٹھیاں کھولیں۔ جن بچوں کے پاس ایک رنگ کے بٹن ہوں، ان کی جوڑی بنادیں۔
- اب سوال نمبر 6 میں دیئے غلط املا کا درست املا لکھیں۔
- متفرق بچوں سے ان کا درست املا لکھوائیں۔
- ایک لفظ کا درست تلفظ اور درست املا لکھنے کے دو نمبر ہوں گے۔ بچوں کو ان کے نمبر بتائیں۔ اس طرح سے یہ سرگرمی باقی بچوں سے بھی کروائیں۔ آخر میں جس جوڑی کے نمبر زیادہ ہوں گے، وہ جیت جائے گی.
- سوال نمبر 4 کی سرگرمی کرنے کے لیے سبق "شہیدِ وطن" پڑھ کر سنائیں۔ بچوں کو کہیں سبق کو غور سے سنیں۔
- اب متفرق بچوں سے پوچھیں کہ اگر آپ راشد منہاس کی جگہ ہوتے تو آپ کیا کرتے۔
- جب بچے اپنے خیالات کا اظہار کر رہے ہوں تو دوسرے بچوں سے کہیں کہ وہ بولنے والے بچے کے تلفظ اور زبان کی درستی پر غور کریں۔ اور بتائیں کہ کیا بولنے والے بچے درست زبان اور تلفظ کا استعمال کر رہے ہیں۔

**اعادہ:** (3منٹ) پڑھائے گئے سبق کا اعادہ کروائیں اور غلطی کی صورت میں اصلاح کریں۔

**جائزہ:** (5منٹ) تختہ تحریر پر الفاظ کی غلط املا لکھ کر دو بچوں کو بلائیں۔ ایک لفظ کی درست املا لکھے گا اور دوسرا اس لفظ پر مبنی جملہ بنائے گا۔

**گھر کا کام:** (2منٹ) جماعت میں کروایا گیا سبق دہرائیں۔